# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. (Urdu) I Semester Examination - December - 2018

## Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat

## پرچہ : لسانیات

Time : 3 hrs | Marks : 70

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) روشنائی میں کتنے صوت رکن ہیں

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

(ii) باہر آتی ہوئی ہوا کو کسی مقام تلفظ پر روکنے کو کیا کہتے ہیں

(a) بندشی طریقہ تلفظ (b) انفی طریقہ تلفظ (c) مقام تلفظ (d) ارتعاشی طریقہ تلفظ

(iii) درج ذیل میں فونیم کی کون سی تعریف درست ہے۔

(a) مماثل آوازوں کا ایسا مجموعہ جو اسی قسم کے دوسرے گروہوں سے مختلف اور متضاد ہو

(b) مماثل آوازوں کا ایک مجموعہ جو باہم مربوط ہوں

(c) مماثل آوازوں کا مجموعہ

(d) ایسی آوازوں کے مجموعے کو کہیں گے جو مختلف ہوتے ہوئے بھی ایک دوسرے سے قریب ہوں

(iv) معنیات میں کس کا مطالعہ کیا جاتا ہے

(a) آواز (b) لفظ (c) جملہ (d) معنی

(v) ذیل میں آریائی زبان کا پہلا مستند نقش کسے مانا جاتا ہے۔

(a) سام وید (b) یجروید (c) اتھروید (d) رگ وید

(vi) شہر دہلی کتنی زبانوں کے سنگم پر واقع ہے؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(vii) 'ہندستانی لسانیات' کس کی تصنیف ہے؟

(a) پروفیسر نصیر احمد خاں (b) نصیر الدین ہاشمی (c) محی الدین قادری زور (d) حافظ محمود شیرانی

(viii) نحو میں کس چیز کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(a) حرف (b) لفظ (ج) جملہ (d) ترکیب

(ix) جان بیمز کی کتاب کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے

(a) سید احتشام حسین (b) مسعود حسین خاں (c) نصیر احمد خاں (d) شوکت سبزواری

(x) 'اردو زبان کے مختلف نظریات' کس کی کتاب ہے

(a) گیان چند جین (B) مسعود حسین خاں (C) مرزا خلیل احمد بیگ (d) خورشید حمیرہ

## حصہ دوم

2۔ اردو کے دکن میں پیدا ہونے کے نظریے سے بحث کیجیے۔

3۔ ذولسانیت سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجیے۔

4۔ اردو زبان کے آغاز سے متعلق اہم نظریات سے بحث کیجیے۔

5۔ اردو زبان کے آغاز و ارتقا کے تاریخی و تہذیبی پس منظر پر روشنی ڈالیے۔

6۔ لسانیات کیا ہے اور کیا نہیں ہے اس پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

7۔ صوتیات سے کیا مراد ہے؟

8۔ معنیات کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

9۔ نحویات کی تعریف کرتے ہوئے اس کے نمایاں پہلوؤں کو بیان کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ اردو اور ہندی کے لسانی رشتے پر مثالوں کے ساتھ روشنی ڈالیے۔

11۔ لسانیات کے مطالعہ کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیں۔

12۔ دیگر علوم سے لسانیات کے رشتے کی وضاحت کیجیے۔

13۔ سماجی لسانیات کے اہم پہلوؤں پر تفصیل سے بحث کیجیے۔

14۔ ہند آریائی زبانوں کے عہد واری ارتقا پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

☆☆☆